SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Sunday, December 3, 1989

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at ten of the clock in the morning, with Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair.

(Recitation from the Holy Quran)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

مَنْ يَّشْفَعْ شَفَاعَةً حَسَنَةً يَّكُنْ لَّهٗ نَصِيْبٌ مِّنْهَا ۚ وَمَنْ يَّشْفَعْ
شَفَاعَةً سَيِّئَةً يَّكُنْ لَّهٗ كِفْلٌ مِّنْهَا ۗ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ مُّقِيْتًا ﴿٨٥﴾
وَاِذَا حُيِّيْتُمْ بِتَحِيَّةٍ فَحَيُّوْا بِاَحْسَنَ مِنْهَآ اَوْ رُدُّوْهَا ۗ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى
كُلِّ شَيْءٍ حَسِيْبًا ﴿٨٦﴾
اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۗ لَيَجْمَعَنَّكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ فِيْهِ ۗ وَمَنْ
اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ حَدِيْثًا ﴿٨٧﴾

ترجمہ : جو شخص نیک بات کی سفارش کرے تو اس کو اس کے ثواب میں سے حصہ ملے گا اور
جو بری بات کی سفارش کرے اس کو اس کے عذاب میں سے حصہ ملے گا اور خدا ہر چیز پر قدرت
رکھتا ہے اور جب تم کو کوئی دعا دے تو جواب میں تم اس سے بہتر کلمے سے اسے دعا
دو یا انہیں لفظوں سے دعا دو بے شک خدا ہر چیز کا حساب لینے والا ہے خدا وہ معبود
برحق ہے کہ اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں وہ قیامت کے دن تم سب کو ضرور
جمع کرے گا اور خدا سے بڑھ کر بات کا سچا کون ہے۔

SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Sunday, December 3, 1989

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at ten of the clock in the morning, with Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair.

(Recitation from the Holy Quran)

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

مَنْ يَشْفَعْ شَفَاعَةً حَسَنَةً يَكُنْ لَهُ نَصِيبٌ مِنْهَا ۖ وَمَنْ يَشْفَعْ
شَفَاعَةً سَيِّئَةً يَكُنْ لَهُ كِفْلٌ مِنْهَا ۗ وَكَانَ اللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ مُقِيتًا ﴿٨٥﴾
وَإِذَا حُيِّيتُمْ بِتَحِيَّةٍ فَحَيُّوا بِأَحْسَنَ مِنْهَا أَوْ رُدُّوهَا ۗ إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَلَىٰ
كُلِّ شَيْءٍ حَسِيبًا ﴿٨٦﴾
اللَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ ۚ لَيَجْمَعَنَّكُمْ إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ لَا رَيْبَ فِيهِ ۗ وَمَنْ
أَصْدَقُ مِنَ اللَّهِ حَدِيثًا ﴿٨٧﴾

ترجمہ: جو شخص نیک بات کی سفارش کرے تو اس کو اس کے ثواب میں سے حصہ ملے گا اور
جو بری بات کی سفارش کرے اس کو اس کے عذاب میں سے حصہ ملے گا اور خدا ہر چیز پر قدرت
رکھتا ہے اور جب تم کو کوئی دعا دے تو جواب میں تم اس سے بہتر کلمے سے اُسے دعا
دو یا اُنہیں لفظوں سے دعا دو بے شک خدا ہر چیز کا حساب لینے والا ہے خدا وہ معبود
برحق ہے کہ اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں وہ قیامت کے دن تم سب کو ضرور
جمع کرے گا اور خدا سے بڑھ کر بات کا سچا کون ہے۔

LEAVE OF ABSENCE

جناب چیئرمین : جزاک اللہ۔
جناب ڈاکٹر بشارت الٰہی صاحب نے ذاتی مصروفیات کی بنا پر ایوان سے ۳، دسمبر ۸۹ء کے لئے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: جناب ہاشم خان سینیٹر نے ذاتی وجوہات کی بنا پر سینیٹ کے حالیہ اجلاس کے دوران رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

Mr. Javed Jabbar: Mr. Chairman, Sir, about the gentleman, I think the government has a view on that.

Mr. Chairman: It is a leave application and I think, there is no need of any view on it.

Mr. Javed Jabbar: But Mr. Chairman, I was told that the honourable colleague unfortunately has a case pending against him and therefore, is it appropriate for some one who has a case pending against him to be able to ask for leave and then get that leave.

جناب چیئرمین : رولز تو یہی کہتے ہیں۔ He can make an application ہاؤس منظور کرتا ہے تو منظور ہو جاتی ہے، اس میں تو کوئی ایسی بات نہیں ہے۔

Mr. Javed Jabbar: I just went you to ask to be clear on the precedent, Mr. Chairman.

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی : پوائنٹ آف آرڈر، جناب والا! وہ proclaimed offender ہے اور اس کے بعد ابھی تک وہ حاضر نہیں ہوا گورنمنٹ کے سامنے اپنے آپ کو پیش نہیں کیا.....

جناب چیئرمین : نہیں مجھے بتائیں میرے پاس leave application آئی میں نے آپ کے سامنے پیش کر دی آپ نے منظور کر دی ہے۔

ڈاکٹر شیر انگن خان نیازی: آپ سمجھ دار ہیں۔

جناب چیئرمین: میری سمجھ داری کی بات نہیں ہے۔

ڈاکٹر شیر انگن خان نیازی: وہ proclaimed offender ہے،

and we are requesting the honourable Chair ....

جناب چیئرمین: میں آپ کو رولز پڑھ دیتا ہوں صرف درخواست آئی ہے۔

ڈاکٹر شیر انگن خان نیازی: نہیں جناب آپ نے منظور کر دی ہے،

When he is not available.

جناب چیئرمین: نہیں نہیں میں نے نہیں کی آپ نے کی ہے۔

جناب محمد طارق چوہدری: پوائنٹ آف آرڈر،

جناب چیئرمین: ایک منٹ، بیٹھیں بیٹھیں، I will just read the rules

آپ مجھے بتائیں رولز میں کیا گنجائش ہے۔ میں آپ کو پڑھ کر دیتا ہوں Rule 15 to you.
یہ کہتا ہے،

15 (1) "A member desirous of obtaining leave for his absence from any sitting or session of the Senate shall make an application in writing under his hand addressed to the Chairman stating reasons for his absence.

(2) On receipt of an application under sub-rule (1), the Chairman shall, immediately after the questions, if any, put the question, without debate, that leave be granted.

(3) Where a member is prevented or incapacitated from making such an application, leave of the Senate may be granted on a motion moved by any other member, or on the basis of an application made ex-post-facto.

سو میرے پاس درخواست آئی میں نے آپ کو Put کر دی ہے۔ دوسری کسی چیز کا اس سے تعلق نہیں ہے، وہ عدالت دیکھے گی،

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: نہیں جناب اس کا پھر where is he, he is not available. He is a proclaimed offender.

جناب چیئرمین: دیکھیں ڈاکٹر صاحب،

جناب محمد طارق چوہدری: پوائنٹ آف آرڈر۔

Mr. Chairman: Please let me first understand the argument.

please بیٹھیں۔ ایک تو یہ ہے کہ درخواست آنی ضروری ہے، درخواست آ گئی ہوئی ہے۔

خان بہادر خان: جناب کس کی طرف سے ہے۔

جناب چیئرمین: ہاشم خان صاحب کی درخواست پہنچ گئی ہے ان کی بیگم صاحبہ نے forward کی ہے میرے پاس آ گئی ہے۔ میں نے آپ کو put کر دی ہے۔

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: That is a point Sir; that he must sign himself.

Mr. Chairman: It is signed. It is singed by him.

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: یہ کیسے' اس کی بیگم صاحبہ کی طرف سے آئی ہے۔

جناب چیئرمین: نہیں نہیں بیگم صاحبہ نے وہ درخواست مجھے forward کی ہے کہ یہ singed application ہے آپ اسے put کر دیں۔ یہ آپ دیکھ لیں اور بعد میں بات کریں۔ یہ ریکارڈ دیکھ لیں۔ (اس مرحلے پر ان کو درخواست دکھائی گئی) یہ ان کو دکھا دیں۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب چیئرمین: پوائنٹ آف آرڈر بعد میں پہلے وہ سمجھ تو لیں۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: ڈاکٹر صاحب یا کسی اور کو شک ہے تو عدالت میں جا کر کہہ دیں۔

جناب چیئرمین: دیکھیں ڈاکٹر صاحب آپ کو یہ حق ہے کہ leave grant نہ کی جائے۔ I put it to the House اگر ہاؤس Leave grant کر دے تو بات ختم ہو جائے گی۔

Syed Abbas Shah: Sir, this House has no knowledge officially that he is a proclaimed offender. This man who is not the Member of this House has given a statement that he is a proclaimed offender. We strongly object to it and it is a breach of privilege of this House because this House officially does not know anything about the state of affairs.

Mr. Chairman: He has brought a certain thing to your notice which

otherwise we don't know. As I said according to the rules, the rules don't talk of offenders and proclaimed offenders, that is for the court.

ہمارے سامنے صرف ایک درخواست ہے۔

My duty is to put it before you, your duty is to either reject it or grant it, that is all.

اس میں without debate لکھا ہوا ہے یعنی debate کی بھی اجازت نہیں ہے۔ Rule 15 کے تحت

Debate is not allowed. I will put it to the House, it is for you to say 'yes' or 'no'. .

آج تک چار سال مجھے بھی یہاں ہو گئے ہیں کبھی ڈیبیٹ اس بات پر نہیں ہوئی۔ نہیں کرنی تو آپ .No کر دیں کرنی ہے تو آپ Yes کر دیں۔ اس میں کیا جھگڑے والی بات ہے۔ Debate تو میں allow ہی نہیں کروں گا

I am not going to allow a debate because the Rule 15 says: "without debate".

یہ حق آپ کا ہے کہ آپ کہیں کہ ہم اجازت نہیں دیتے۔ وہ میں کہہ رہا ہوں اگر یہ کہہ رہے ہیں کہ ہاں جی put it to vote تو

I will put it to vote.

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: Here a note is given about the proclaimed offenders.

Mr. Chairman: But how is it relevant Dr. Sahib under Rule 15. Please read Rule 15. Rule 15 says:

15 (2); "On receipt of an application under sub-rule (1), the Chairman shall, immediately after the questions, if any, put the question, without debate, that leave be granted."

I have put it to you. Now, if you want to oppose leave, you oppose leave that is all. I am not interested in who is proclaimed offender and who is not. It is not relevant for me. I just put it to the House, if you want to oppose it, you can do so.

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: Sir, it is my submission that it should be brought on the record that two of the Ministers Mr. Javed Jabbar and me brought to the notice of the Chairman and the honourable House that he is a proclaimed offender.

Mr. Chairman: Please quote the rule to me

آپ سمجھ دار ہیں اور قانون کو سمجھتے ہیں۔ مجھے بتائیں کہ میں کس قانون کے تحت on the record لاؤں کہ آپ نے یہ کہا ہے، اس پر بحث کی تو میں اجازت نہیں دے سکتا۔

جناب محمد طارق چوہدری: پوائنٹ آف آرڈر

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: Just alright. That was the thing we brought to your kind notice.

Mr. Chairman: No. Please bring something to my notice which I can take notice, of under the rules, Dr. Sahib. I would like to run this House according to the rules. Please don't bring extraneous matters before me.

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: On point of order, Sir, any business is being transacted at that time if there is any irregularity.

Mr. Chairman: You tell me the irregularity. Dr. Sahib, please let me know:-

1) What is the irregularity?

2) How can I take notice of what you are saying under Rule 15?

Mr. Muhammad Tariq Chaudhary: Point of order, Sir.

Mr. Chairman: One at a time, please.

جناب محمد طارق چوہدری: جناب! آپ کی اس پر ruling ہے۔

جناب چیئرمین: چوہدری صاحب، پہلے مجھے ڈاکٹر صاحب کی بات سمجھ لینے دیں پھر میں آپ سے بات کرتا ہوں۔ ڈاکٹر صاحب آپ مجھے بتائیں۔

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: Mr. Chairman, under Rule 216, you are very aware of it that anything being transacted on the floor if there is

something as the leave was being sought to be granted by this honourable House, therefore, I knew this fact as the leave is being granted.

(Interruptions)

Mr. Chairman: I understand from the rules that all you can do is to say, we oppose the leave. I will put it to the House, if the House grants leave that is the end of the matter, as far as I am concerned.

قاضی حسین احمد : جناب چیئرمین ۔

جناب چیئرمین: قاضی صاحب، آپ تشریف رکھیں ۔

قاضی حسین احمد : جب ایک proclaimed offender وزارت کر رہے ہیں تو دوسرے کو چھٹی کیوں نہیں مل سکتی ایک سینیٹر کو ۔

جناب چیئرمین: آپ تشریف رکھیں، میں پہلے ان کی بات سمجھ لوں، رولز کے مطابق ہم چلیں گے ۔ ہمارا اس سے کوئی تعلق نہیں ہے کہ کوئی اچھا آدمی ہے یا بُرا ہے ۔ proclaimed ہے، یا نہیں ہے ہم نے رولز کے مطابق کارروائی کرنی ہے وہاں لکھا ہوا ہے کہ without debate, I will put it to the House. اگر آپ چھٹی نہیں دینا چاہتے، تو یہ آپ کا اختیار ہے ۔

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: Mr. Chairman, Sir, the only thing is that I hope, there must be some information tendered to the Secretary.

Mr. Chairman: How is it relevant, Dr. Sher Afgan?

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: This is quite relevant.

Mr. Chairman: Under which rule, please?

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی : رول ۲۱۶ کے تحت، پوائنٹ آف آرڈر یہ اگر کوئی transaction ہو رہی ہو ۔

جناب چیئرمین: وہ یہ لکھا ہوا ہے ڈاکٹر صاحب آپ تشریف رکھیں ۔

I will read it again very slowly.

"Rule 15(1) A member desirous of obtaining leave for his absence

from any sitting or session of the Senate shall make an application in writing under his hand".

So, I have received his application in writing under his hand.

"addressed to the Chairman stating reasons for his absence".

(2) On receipt of application under sub-rule (1), the Chairman shall immediately, after the question, if any, put the question, without debate.."

Without debate.

"that the leave be granted".

(3) "Where a member is prevented".

In fact, if a member is prevented anyone of you can make an application on his behalf.

"or incapacitated from making such an application leave of the Senate may be granted on a motion moved by any other member.."

Anyone of the members can move an application.

"or on the basis of an application made ex-post facto".

(4) The Secretary shall as soon as possible communicate the decision of the Senate to the member concerned".

That is all. So, I do not see how can I hold a debate on this question? All I can do is to put it to the House. If you say, don't grant it, the matter will be voted upon and that is the end of the matter. Finished.

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: That is the point that if he himself was not able to move it on behalf of him his wife Begum Muhammad Hashim Khan has moved this. It could be moved then by an honourable Senator of this august House.

(Interruptions)

Mr. Muhammad Ali Khan: Mr. Chairman, Sir, it is very plain and simple. The application has come to you, signed by Mr. Hashim Khan. Whether it has come through someone or by post, it is absolutely immaterial. It has to

be presented before the House, and it is for the House to decide.

(Interruptions)

Mr. Chairman: I agree with it.

You (Dr. Sher Afgan Khan Niazi) do not have a right but Mr. Javed Jabbar has a right to vote against it. If you want to vote against it, it is fine.

Do you want me to put it again to the House or we take it up?

Mr. Javed Jabbar: Mr. Chairman, I just want to draw your attention to Rule 68 of the Rules of Procedure which comes close to the point that we are considering. Where it says:

"When a member is arrested on a criminal charge or is detained under an executive order ......"

Now has the detaining authority communicated anything to you about their desire to detain our honourable colleague?

Mr. Chairman: No.

Mr. Javed Jabbar: Then you are right. Then we have no objection.

Mr. Chairman: O.K. Thank you very much. That concludes the matter.

PRIVILEGE MOTIONS

Mr. Chairman: The next is a privilege motion of Mr. Muhammad Tariq Chaudhry.

RE: PARTICIPATION OF MINISTERS STATE MINISTERS IN THE SENATE WHO HAVE TENDERED THEIR RESIGNATIONS

جناب محمد طارق چوہدری: شکریہ جناب چیئرمین' بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ اس ایوان کے استحقاق کو مجروح کرنے والے اس اقدام پر فوری نوٹس لیا جائے کہ وفاقی کابینہ کے بعض اراکین اپنے عہدوں سے بہت دن قبل مستعفی ہو چکے ہیں، وزیراعظم کھلے لفظوں میں کابینہ کے استعفوں کا اقرار کر چکی ہیں۔ آئین کی Article 92(3) کے تحت مستعفی ہونے والے وزراء نے ۲۰ دسمبر کے منعقدہ سینیٹ کے اجلاس میں بحیثیت وزیر

[Mr. Muhammad Tariq Chaudhry]

کے شرکت کرکے نہ صرف آئین کی صریحاً خلاف ورزی کی ہے بلکہ سینیٹ کی کارروائی میں شریک ہو کر اس کے تقدس کو پائمال اور استحقاق کو مجروح کیا ہے۔ لہٰذا اس کارروائی کا فوری نوٹس لیا جائے۔

Mr. Chairman: Is it being opposed?

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: I oppose, Sir.

Mr. Chairman: How is it admissible?

Dr. Sher Afgan on point of order.

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: Mr. Chairman: Sir, I want to bring to your kind notice that from the back always the remarks are passed whatsoever is uttered out of us.

Mr. Chairman: I will be grateful, if the decorum of the House is maintained and any remarks that are made should be addressed to the Chair. There should be no cross talk. I would be very grateful if we maintain the dignity of this House. Thank you.

Yes, please Mr. Tariq Chaudhary.

جناب محمد طارق چوہدری: جناب چیئرمین صاحب، کیا ایسا ہوا ہے؟

جناب چیئرمین: نہیں، بہرحال ان کو شکایت ہے۔ اگر نہیں ہوا تو بہت اچھی بات ہے لیکن ہوا ہے تو اچھی بات نہیں ہے۔ جی طارق چوہدری صاحب۔

جناب محمد طارق چوہدری: محترم چیئرمین! سب سے پہلے میں اس بات کی وضاحت کر دوں کہ ہمارے دل میں کسی کے بارے میں نہ حسد ہے اور نہ ہی رشک ہے، یہ بات میں اچھی طرح جانتا ہوں کہ اگر یہ لوگ مستعفی نہ ہوتے تو یہی وزراء تھے" اور اگر محترمہ وزیراعظم از سرنو حلف لیں گی، تو صاف ظاہر ہے کہ انہی میں سے زیادہ تر لوگ وزیر ہوں گے۔ لیکن ہر کام کا ایک اصول ہوتا ہے، ہر ایک چیز کا ایک سلیقہ ہے۔ ہمارے سابق چیئرمین اور موجودہ صدر اکثر یہ بات کہا کرتے تھے کہ

تیشہ بغیر مر نہ سکا کوہ کن اسد
سر گشتۂ خمار رسوم و قیود تھا

جناب چیئرمین ! میں directly آپ ہی سے مخاطب ہوں کہ اگر اس شعر کا مفہوم سمجھ میں نہ آئے تو میں ڈاکٹر صاحب کو بعد میں وضاحت کر دوں گا۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی : بہتر ہے کہ ابھی کر دیں۔

جناب محمد طارق چوہدری : اس وقت وزرا کی تین قسمیں ہیں، ایک تو وہ ہیں جو ادھار پر لئے گئے اور ایک وہ ہیں جنہوں نے floor cross کیا۔

جناب چیئرمین : آپ admissibility کے متعلق بات کریں۔

How is the privilege of this House affected by this?

جناب محمد طارق چوہدری : میں جناب وضاحت کر رہا ہوں۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی : جناب ! یہ اچھی کہانی بتا رہے ہیں۔

جناب چیئرمین : آپ یہ بتائیں کہ privilege کیسے affect ہوا ہے ہاؤس کا۔

جناب محمد طارق چوہدری : اگر ان تینوں کی میں پہلے وضاحت کر دوں گا کہ کس وجہ سے privilege مجروح ہوا۔

جناب چیئرمین : نہیں اس وضاحت کی ضرورت نہیں ہے۔ اصل مسئلہ کی طرف آئیں کہ کہ privilege کیسے breach ہوا۔

جناب محمد طارق چوہدری : جناب والا ! بڑی مختصر سی بات ہے کہ ان میں سے تین وزراء تو وہ ہیں جنہوں نے استعفے نہیں دیئے۔

جناب چیئرمین : ٹھیک ہے۔

جناب محمد طارق چوہدری : اگرچہ ان کی اخلاقی حیثیت مشکوک ہے لیکن قانونی اور آئینی لحاظ سے وہ وزیر ہیں۔ اس کے بعد کچھ وہ لوگ ہیں جو سینیٹ کے ممبر ہیں، ان کو بہر حال میں یہ حق حاصل ہے کہ وہ سینیٹ میں تشریف رکھیں۔

جناب غلام اکبر خان لاسی : پوائنٹ آف آرڈر، جناب والا ! یہ میری درخواست ہے کہ وہ ذاتی حملوں سے گریز کریں۔

جناب چیئرمین : یہ ذاتی حملہ نہیں ہے بلکہ قانون کی بات ہو رہی ہے آپ تشریف رکھیے۔

جناب محمد طارق چوہدری : شکر ہے کہ یہ رونمائی تو ہوئی ہے ایک کی تو رونمائی ہوئی ہے۔

[Mr. Muhammad Tariq Chaudhry]

جناب گزارش یہ ہے کہ ایک وہ ہیں جو ہمارے اس ہاؤس کے ممبر ہیں، وہ اس وقت سابق وزیر ہیں لیکن وہ اس ایوان کی کارروائی میں حصّہ لے سکتے ہیں کیونکہ وہ اس کے ممبر ہیں۔ اس کے علاوہ کچھ وہ لوگ ہیں جو اس ایوان کے ممبر نہیں اور نہ وزیر بھی نہیں ہیں لہٰذا وہ اس ایوان میں اجنبی ہیں۔

جناب چیئرمین! سابق وزیر قانون نیشنل اسمبلی کے اجلاس میں شریک ہوئے ابھی انہوں نے اپنے عہدے سے استعفیٰ نہیں دیا تھا ہمارے سابق وزیر داخلہ نے اعتراض کیا کہ یہ ایوان میں اجنبی ہیں Chair نے رولنگ دی اور وزیر قانون باہر چلے گئے۔ Chair کی رولنگ موجود ہے یہ الگ بات ہے کہ اسی وزیر قانون کو اب ازسر نو رولنگ دینا پڑے گی۔ اس لحاظ سے اُس وزیر قانون کی حیثیت اِن کے مقابلے میں کہیں زیادہ مستحکم تھی کیونکہ اس نے ابھی اپنے ہاتھ سے استعفیٰ نہیں دیا تھا آئین کے آرٹیکل ۹۲ (۳) کا حوالہ دیا ہے اس کو آپ ذرا پڑھ لیں۔

"92(3).A Federal Minister or Minister of State may by writing under his hand addressed to the President resign his office".

ایک تو یہ صورت ہے دوسری یہ ہے کہ اگر وزیراعظم کسی وزیر کو remove کردے۔ اب اس میں دیکھیں جب یہ آئین بنایا تو اس جملے میں کوئی ابہام نہیں رکھا گیا کوئی اس میں مشکل لفظ نہیں ہے جس کے لئے قانونی ڈکشنری اٹھا کر دیکھنی پڑے۔ کوئی اس کی عدالتی وضاحت کی ضرورت نہیں ہے یا یہ کہ اتنا مشکل جملہ ہو کہ اس کے لئے عدالت میں جانا پڑے یہ بڑا simple واضح اور صاف لفظ ہے کہ جب ایک وزیر اپنے ہاتھوں سے صدر کو address کر کے استعفیٰ دے دیتا ہے تو گویا اس نے اپنا آفس چھوڑ دیا ہے دنیا بھر میں کہیں یہ نہیں ہوتا کہ وزیر مستعفی ہونے کے بعد روزمرہ کے معمولات انجام دیتے رہیں وہ استعفیٰ لکھ چکنے کے بعد اپنے گھروں میں بیٹھتے ہیں اور اس کے منظور ہونے کا انتظار نہیں کرتے۔ اس آرٹیکل کے حوالے سے میں یہ بات آپ سے گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ روزمرہ کے معمولات ان کے احکامات سے کوئی غرض نہیں۔ ہمارا مسئلہ بطور خاص اس ایوان کا ہے اس ہاؤس کا ہے۔ محترم چیئرمین! بالکل اسی طرح جس طرح کل ایک رولنگ آئی اٹارنی جنرل کے بارے میں، وہ عدالت میں پیش ہوتے ہیں جاتے ہیں وہ ایک الگ مسئلہ ہے وہ، وہ جانیں، آپ کی رولنگ اس ایوان کے بارے میں ہے آپ نے یہ دیکھا کہ آئین کی جو رُوح ہے اس کے مطابق ان کی تقرری نہیں

ہوئی تو آپ نے انہیں پابند کر دیا کہ وہ اس ایوان میں نہیں آ سکتے کیونکہ آئین کے اُس آرٹیکل کے مطابق ان کا تقرر نہیں ہوا۔ اب باقی کا مسئلہ عدالت میں جائے گا۔ بہر حال انہوں نے اس عرصے کے دوران جو احکامات جو کچھ جاری کیا وہ ہمارا مسئلہ نہیں ہے وہ implement ہوتے ہیں یا نہیں ہوتے ہیں اور سیکرٹری وغیرہ اگر وہ مانتے ہیں تو ان کی قانونی حیثیت کیا ہوگی۔ جب کوئی آدمی عدالت میں چلا جائے گا تو یہ اس کا مسئلہ ہوگا۔ ہمارا مسئلہ اس ایوان کی کارروائی سے متعلق ہے اور اس ایوان میں (پھر میں آپ ہی سے مخاطب ہوں) ڈاکٹر شیر افگن صاحب بحیثیت وزیر کے جو اس وقت وزیر نہیں ہیں اور اجنبی ہیں اور یہاں تشریف رکھتے ہیں۔ جو یقین دہانیاں کروائیں گے جو کارروائی میں حصہ لیں گے وہ ہماری کارروائی کا حصہ کس طرح بن سکتا ہے جو یہ جملہ کہیں گے اور ان کی وہ باتیں ہمارے لئے کسی طرح سننے کے قابل ہیں کیوں کہ جو یہاں اس ایوان کے ممبر نہیں ہیں اس ایوان میں نہیں بیٹھ سکتے ہیں آئین کا اس کے بارے میں واضح حکم ہے ان کو نئے سرے سے حلف اٹھانے میں اتنی وقت نہیں ہے وزیر اعظم آج ان سے حلف لے سکتی ہیں۔ چونکہ یہ مستعفی ہو چکے ہیں اس وقت وزیر نہیں ہیں۔ ہمارے ہاں ایوان میں اجنبی ہیں اس لئے ان کی کسی بات کا کوئی وزن موجود نہیں ہے یہی میری درخواست ہے باقی آئین اور قانون کو آپ مجھ سے بہتر جانتے ہیں۔

Mr. Muhammad Ali Khan: Mr. Chairman, Sir, the privilege motion moved by my brother Tariq Chaudhary has raised a very important issue. Actually, the Attorney-General was the person who could have really enlightened us on this subject here in this House but I am sorry to say he is no longer in a position to come here, occupy his seat and give opinion on the subject. As such the entire structure of the parliament has become incomplete and as a result the work of the parliament is going to suffer. So, I would request the government not to come to the help and aid and assistance of just one individual and let the entire structure suffer. I would suggest to the government, through these Ministers who are sitting here, that they should appoint our new Attorney-General immediately so that the work of the parliament may run smoothly.

I thank you, Sir.

<u>جناب چیئرمین:</u> جی قاضی صاحب on point of order.

قاضی عبداللطیف: جی میں گذارش یہ کروں گا کہ ڈاکٹر صاحب اس وقت جو ارشادات فرمائیں گے وہ کس حیثیت سے ہوں گے۔ ان کی شخصیت تو متنازعہ ہے.....

جناب چیئرمین: نہیں ابھی فی الحال نہیں ہے جب تک میں رولنگ نہ دوں۔

قاضی عبداللطیف: جناب والا! اس سلسلے کے اندر صرف جاوید جبار صاحب ارشادات فرما سکتے ہیں۔ اس لئے کہ وہ اس سینیٹ کے -------- ہیں اور یہ چیز آپ کی وساطت سے سینیٹ میں پیش ہوئی ہے یہ تو مدعا علیہ بن گئے ہیں۔ اس لئے انہیں قانونی اور آئینی پوزیشن واضح کرنے کا کوئی حق نہیں ہے اپنے متعلق اگر وہ کچھ کہتے ہیں تو کہیں وگرنہ قانونی پوزیشن کے متعلق جاوید جبار صاحب ہی کہہ سکتے ہیں۔

جناب چیئرمین: قاضی صاحب! اس سے پہلے اسی نوعیت کا ایک مسئلہ اٹارنی جنرل کے متعلق آیا تھا اور انہیں بھی ہم نے حق دیا تھا کہ جو چاہیں وہ کہیں لہذا میں انہیں اس حق سے نہیں روکنا چاہتا......

اخونزادہ بہرہ ور سعید: point of order Sir جناب اس مسئلے پہ جو چوہدری صاحب نے پیش کیا ہے آئین کے الفاظ بالکل صریح ہیں جب یہ استعفیٰ tender کرتے ہیں۔ اس کے بعد یہ وزیر نہیں رہتے۔ قانونی اور اخلاقی چیز بھی یہی ہے۔ ہاں اب چونکہ انہوں نے استعفیٰ دیا ہے تو اور مسئلہ ہے اگر انہوں نے استعفےٰ اپنی مرضی سے نہیں دیئے اور ان سے لئے گئے ہیں پھر تو اس کو اور شکل سے دیکھئے۔ پھر تو چوہدری صاحب میں یہ کہوں گا کہ ان غریبوں کو تو مشکل سے مزدوری ملی ہے نوکری ملی ہے اب چھوڑ دیں۔ ان کو، اب یہ Placement Bureau میں جائیں گے۔ ان کو نوکری کرنے دیں کہ یہ غریب لوگ ہیں۔

میر حسین بخش بنگلزئی: میں صرف ایک نکتے کی وضاحت کرنا چاہتا ہوں اور معزز ایوان کے knowledge کے لئے میں آپ کی وساطت سے پوچھنا پسند کروں گا جناب چیئرمین! کہ جہاں تک قانونی نکتوں کے جواب کا تعلق ہے کہ اس ہاؤس کو اس بات کا حق حاصل ہے کہ قانونی وضاحت حکومت کی طرف سے Attorney General کرتا ہے جب کہ وہ اس وقت آپ کی رولنگ کی بدولت یہاں موجود نہیں ہیں تو میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ جب کبھی بھی اس نکتے پر قانونی وضاحت کی ضرورت پڑ جائے تو پھر کیا صورتحال پیدا ہوگی۔

میں یقیناً یہ بات سمجھتا ہوں کہ اٹارنی جنرل نہیں ہیں اور اس ہاؤس میں نہیں آ سکتے لہذا حکومت کی اٹارنی جنرل کی تقرری کے بارے میں پالیسی کیا ہے اور آپ کی رولنگ درکار ہے؟

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی : جناب چیئرمین ! ہمارے معزز سینیٹر طارق چوہدری صاحب نے جو صورت حال معزز ایوان کے سامنے رکھی ہے بنیادی طور پر ماسوائے ایک نکتے کے جو یہ ہونا چاہیئے تھا اور کسی حد تک انہوں نے آخر میں touch کیا ہے کہ Article 57 کے تحت ہم وزراء جو قومی اسمبلی کے ممبر ہیں یہاں ہیں جو ایک خاص Privilege کے تحت ہم یہاں بیٹھتے ہیں ایک privilege ہمارے ان معزز سینیٹرز کی ہے جو بنیادی طور پر اس معزز ایوان کے ممبر ہیں ان کو بیٹھنا ہے ایک وہ ممبر جو وزراء کی شکل میں جو ایوان زیریں کے ممبر ہیں لیکن Articles 57 کی رو سے یہاں ہم آ کر بیٹھتے ہیں ہر بات میں ہم حصّہ لے سکتے ہیں ماسوائے ایک حالت میں، کہ ہم ووٹ نہیں دے سکتے یہ ہے بنیادی چیز کہ اس لحاظ سے اگر ہم cease ہو گئے ہیں اس ہاؤس کے ممبر ہونے کی شکل میں، تو ہمارا privilege بھی ختم ہو چکا ہے اور ہم یہاں نہیں آ سکتے ہم بیٹھ نہیں سکتے، ہم بات نہیں کر سکتے اور اس معزز ایوان کی کارروائی میں حصّہ نہیں لے سکتے۔ بنیادی طور پر یہ نکتہ ہے اور اس کے ساتھ منسلک ہیں وہ resignations جو ہم سب نے دیئے ہیں یہ بات بھی درست نہیں ہے کہ چند نے ابھی تک نہیں دیئے۔ بلکہ تمام کابینہ نے اپنے استعفے محترمہ وزیر اعظم کو دے دیئے ہیں۔ اب قانونی کیا حیثیت ہے۔ آپ بھی اچھی طرح سمجھتے ہیں یہ صورت حال آپ کے سامنے رہی ہے اور رہے گی کہ اگر کوئی وزیر، وزیر اعظم، وزیر اعلیٰ، تمام اس وقت کے لئے اپنے عہدہ سے استعفیٰ دے دیں تب بھی کچھ عرصہ کے لئے جو اس کی high authority ہوتی ہے۔ اسے وہ کہہ سکتی ہے کہ وہ اپنے عہدہ پر کام کرتا رہے تاوقتیکہ Final approval نہ آ جائے۔

یہاں صورت حال ہی کچھ مختلف ہے اور میں معزز رکن کے سامنے یہ چیز پیش کرنا چاہتا ہوں کہ وہ دستور کو شعوری حیثیت میں پڑھیں اور اس کے اطلاق کو سمجھیں۔ یہ clear ہے (۳)۹۲ میں دو صورتیں دی گئی ہیں، ایک وہ ہے کہ وزراء اپنے استعفے صدر

[Dr. Sher Afgan Khan Niazi]

مملکت کو پیش کر دیں وہ بھی وزیراعظم کی وساطت سے بھجوائے جاتے ہیں۔ جب صدر مملکت اس پر اپنی منظوری کی مہر تصدیق ثبت کر دیتے ہیں تو وہ اس وقت سے موثر ہو جاتے ہیں اور جب تک صدر ان کو منظور نہ کر لیں ان تک نہ پہنچیں وہ اس وقت تک قانونی حیثیت میں دستوری حیثیت میں استعفیٰ تصور ہی نہیں ہوتے اور تمام ہمارے ساتھی جو وزراء ہیں وہ بدستور اسی طریقہ سے ہیں دستوری ہیں قانونی ہیں ان کی حیثیت وہی ہے تا وقتیکہ صدر مملکت ان استعفوں کی منظوری notify نہ کر دیں۔ بات سیدھی سی ہے اس میں کوئی پیچیدگی نہیں ہے۔ یہ چوہدری صاحب بھی سمجھتے ہیں لیکن صرف issue بنانا چاہتے ہیں۔

اب بات دوسری ہے کہ آیا اس ہاؤس میں اس حالت میں جس میں ہم ہیں، ہم نے استعفیٰ وزیراعظم کو دیئے ہیں، وزیراعظم محترمہ جس وقت چاہیں گی وہ صدر مملکت کو پیش کریں گی اور جس وقت وہ منظور ہو جائیں گے اس لمحہ سے ہم جو قومی اسمبلی کے رکن ہیں اس ہاؤس کے ممبر ہونے کی حیثیت سے cease ہو جائیں گے۔ ہم participate نہیں کر سکیں گے، ہماری وہ privilege جو Article 57 کی طرف سے ہمیں دی گئی ہے وہ ختم ہو جائے گی۔ لہٰذا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کہ استعفوں کے منظور ہونے کے بعد کوئی بھی یہاں آئے اور اس معزز ایوان میں حصہ لے۔ بات سیدھی سی ہے اس میں کوئی پیچیدگی نہیں، کوئی اس میں وضاحت کی اتنی ضرورت نہیں ہے۔

دوسری شکل یہ ہے کہ وہ استعفیٰ ابھی پیش نہیں ہوئے، ہم نے اپنی مرضی سے اپنی خوشی سے اپنا اعتماد پرائم منسٹر میں repose کیا ہے یہ ہمارا اخلاقی فرض تھا کوئی compulsion نہیں تھی۔ یہاں یہ فرماتے ہیں، نوکری کی بات اسی لئے کرتے ہیں کہ ان کی بھی خواہش ہے۔ یہ بھی ایک صورت حال ہے۔ افسوس ہے یہ تو اللہ کے ہاتھ میں ہے اس سے دعا کریں کہ جس کے مقدر میں ہوتا ہے جس وقت کے لئے لکھا ہوتا ہے۔ یہ اللہ کی ذات کی بات ہے وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ یہ اس سے دعا کریں یہ نوکری کی بات کیوں کرتے ہیں۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: خدا ہمیں اتنی ہمت نہ دے کہ ہم اپنی پارٹی سے بھاگ کر یوں کریں۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: اب دو تین issues انہوں نے اٹھائے ہیں۔ میں اس ضمن بھی، چونکہ چوہدری صاحب نے بڑی خوبصورتی سے یہ categorization کی ہے، بھاگے ہوئے، اس معزز ایوان سے مستعار لئے ہوئے، دوسرے alliances سے مستعار لئے ہوئے وزراء، یہ بڑی خوبصورت اور بڑی دلچسپ باتیں ہیں، یہ اخبارات کی سرخیوں کے لئے بہت بہتر ہیں۔ اخبارات بکنے کے لئے یہ مواد اچھا ہے۔ لیکن حقانیت اس کی کیا ہے؟ یہ آپ بھی جانتے ہیں۔ معزز اراکین بھی جانتے ہیں کہ defection clause بنیادی طور پر Fundamental rights کے بھی خلاف ہے اور آپ کو میں یاد دلانا چاہتا ہوں۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: But defection clause is not in issue.

اس پر کیا بات ہے جو آپ کر رہے ہیں۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: یہ بھی issue تھا اب یہ شریف آدمیوں کی پگڑی اچھالنے کا جو فن انہوں نے اختیار کیا ہے، اسی طریقہ کار سے اس کا جواب آپ براہ کرم ٹھنڈے دل سے اور کھلے دل سے سنیں، ان میں دل گردہ ہونا چاہیئے یہ سنیں۔

جناب چیئرمین: میں عرض کر رہا ہوں کہ defection clause اور اس کی قانونی حیثیت کیا اور آیا وہ آئین کے مطابق ہے یا نہیں That is not in issue اس وقت تو بات صرف (3) Article 92 clause کی ہو رہی ہے اور اس پر آپ جو بھی کہنا چاہیں۔ مولانا صاحب بیٹھیں، آپ کو موقع دیں گے، بعد میں موقع دینگے۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: مولانا صاحب تو صاحب دین ہیں، عالم دین ہیں ان کا تو دل گردہ بڑا مضبوط ہونا چاہیئے۔ ہم لوگ تو گنہگار ہیں اور دین سے محبت نہیں رکھتے۔ دوسرا پہلو اس کا، اب میں گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ بنیادی طور پر admissibility جو ہے اس تحریک استحقاق کی، اس کے لئے کچھ قواعد ہیں اور وہ سینٹ کے رولز میں دیئے ہوئے ہیں۔ اس کے لئے کچھ چیزیں درکار ہیں۔ مثلاً یہ کہ

Not more than one question; question shall relate to a specific matter: the matter shall be such as requires the intervention of the Senate; the question shall not reflect on the personal conduct of the President.

اب آپ غور فرمائیں کہ resignation منظور کرنے ہیں صدر مملکت نے، استعفے دیئے ہیں۔

[Dr. Sher Afgan Khan Niazi]

ہم نے، اور محترمہ بے نظیر بھٹو Prime Minister of Pakistan کو دیئے ہیں اس میں اب

Where is required the intervention of this honourable House?

ایک بات۔ جس کی میں صورت حال واضح کرنا چاہتا ہوں تا کہ یہ اس میں کوئی ambiguity نہ رہے اور صورت حال واضح ہو جائے اب بات یہ ہے کہ privilege breach کہاں ہوتی ہے۔ اس کی تین صورتیں ہیں۔ ایک تو یہ ہے کہ ایک privilege جو Constitution میں ان معزز اراکین ہاؤس کے مذکور ہو یا اس کے مطابق اس معزز ایوان کا استحقاق ہو، جس کو توڑا جا رہا ہو جس کے خلاف کام کیا جا رہا ہو۔ جس کی تضحیک کی جا رہی ہو جسے disobey کیا جا رہا ہو، جس کے خلاف باتیں ہو رہی ہیں اور جس کی authority اور dignity کو undermine کیا جا رہا ہو تو میری گزارش یہ ہے کہ وہ کون سی چیز ہے ہمارے بیٹھنے سے کہ اس معزز ایوان کے اراکین کی duties میں خلل آ رہا ہے یا وہ کون سا Constitutional provision ہے جس میں وہ right دیا گیا ہے اور ہم لوگ اس right کو infringe کر رہے ہیں۔ اس کے خلاف بات ہو رہی ہے یا اس کے متصادم ہم بیٹھے ہوئے ہیں ایک Constitutional right ہے یا privilege ہے جو ان اراکین کا ہے یا ہاؤس کا ہے جس کو ہم توڑ رہے ہیں، جس کی breach ہو رہی ہے وہ معزز رکن جس نے یہ تحریک استحقاق پیش کی اس کی نشاندہی انہوں نے نہیں فرمائی۔ دوسرا پہلو کہ وہ کون سا قانون ہے statute ہے جس میں خصوصی طور پر یہ استحقاق دیا گیا ہے اور وہ کونسی privilege اس ہاؤس کی ہے، یا ان معزز اراکین سینیٹ کی ہے جس پر ہم لوگ حملہ آور ہوئے ہیں یا جس کی breach کر رہے ہیں۔ یہ ایسے rights ہیں اب وہ کرنے First is the Constitutional second is the statutory تیسری بات ہے parliamentary duty سیدھی سی بات ہے مجھے معزز رکن کی کہیں بھی یہ بات سمجھ میں نہیں آئی کہ ہمارے یہاں participate کرنے سے ان کی کون سی پارلیمانی ڈیوٹی میں خلل پڑا ہے کہاں intervene ہوا ہے کہاں ان کے کسی right پر ڈاکہ زنی ہوئی ہے، ہاں ایک بات ہے، وہ میں مانتا ہوں، ان کے جو جذبات ہیں۔ چونکہ ان کے جذبات ایک عرصہ سے ایک ہی رنگ کو دیکھنے کے قابل ہو چکے ہیں لہذا وہ مجبوری ہے ان کی کہ ہر بات میں کیڑے نکالنا ان کا فرض منصبی ہو چکا ہے، اور میں نے پہلے بھی ایک بات یہاں کی تھی اگر میں دوبارہ کروں تو آپ مجھے معاف فرمائیں

گے کہ ہمارے ہاں cases رجسٹرڈ ہوتے ہیں اور جن مقدمات میں ہمیں گواہ نہیں ملتے وہاں ٹھکر کے گواہ ہوتے ہیں جو جہاں مقدمہ ہو، جہاں case ہو جہاں breach ہو، جہاں ایسی چیز ہو، وہاں وہ ٹھکہ کا گواہ کہتا ہے کہ میں گذر رہا تھا، میں سا تھ تھا میں ادھر تھا، میں ادھر تھا وہ گواہی کے لئے فوراً پہنچ جاتا ہے وہ کہتا ہے کہ میں نے دیکھا ہے جی۔ اب یہ مسئلہ ٹھکر کے گواہ کی صورت اختیار کر چکا ہے۔

ڈاکٹر نورجہاں پانیزئی: پوائنٹ آف آرڈر، جناب میں یہ پوچھنا چاہتی ہوں کہ وزیر صاحب بتانا کیا چاہتے ہیں یہ کدھر جا رہے ہیں۔

جناب چیئرمین: آپ تشریف رکھیں۔

please avoid any statement which will bring the Members of this House into ridicule. Please avoid that.

ایسی بات نہ کریں، بازاری بات نہ کریں قانون کی بات آپ بڑی اچھی کر رہے ہیں وہ کریں

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: میں تو یہی عرض کر رہا ہوں کہ یہاں بازاری باتیں ہو رہی ہیں۔

جناب چیئرمین: کوئی بھی نہ کرے۔

I would request the entire House to please maintain the dignity of the House.

آپ قانون کی صحیح بات کر رہے ہیں اس پہ بتائیں ایک تو آپ نے کہا ہے کہ کوئی استحقاق مجروح نہیں ہوتا کوئی statutory right نہیں ہے وہ آپ نے صحیح کہا۔

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: Legal, conventional, any parliamentary ty was not hindered.

جناب چیئرمین: اور دوسرا آپ نے یہ کہا کہ resignations جب تک صدر کو پہنچ نہ جائیں اسی وقت تک مکمل نہیں ہوتے۔

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: That is my submission.

جناب چیئرمین: مجھے ایک دو چیزوں کی وضاحت کر دیں آپ یہ بتائیں کہ جو استعفیٰ آپ نے دیا تھا وہ صدر کو address کیا تھا کہ نہیں۔

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: We have to address to the President but we have given to the Prime Minister Sir.

Mr. Chairman: You did address it to the President.

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: Yes, there is no doubt about it.

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے ڈاکٹر صاحب

Anything else you want to say?

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: آپ پوچھنا چاہیں تو میں حاضر ہوں۔

جناب چیئرمین: میں طارق صاحب سے ایک بات پوچھنا چاہتا ہوں جی فصیح صاحب۔

سید فصیح اقبال: میں فاضل وزیر صاحب سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ آرٹیکل ۹۲ (۳) میں جو لکھا ہے کہ صدر صاحب کے پاس کوئی طریقہ کار نہیں ہے کہ وہ ان تک پہنچیں اس میں صرف 'address' کا ہے اور یہ معمول کا طریقہ ہے۔ اس میں کبھی یہ نہیں سمجھا جاتا ہے کہ وہاں خط پہنچے یہ طریقہ کار کہیں آئین میں نہیں ہے اس میں صرف یہ ہے کہ صرف صدر کو 'address' کریں اور جب انہوں نے دے دیا ہے تو یہ عبوری دور تو بہر حال انہوں نے خود تسلیم کیا ہے کہ ان کو کہا گیا ہے کہ آپ اس وقت تک کام کریں جب تک ان کو کہا نہ جائے۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: جناب والا! میں ایک چھوٹی سی عرض کرتا ہوں کہ آپ میرے استعفیٰ کے متعلق پوچھ رہے تھے۔

What I did myself, I addressed to the President. I gave to the honourable Prime Minister of Pakistan, Mohterma Benazir Bhutto.

اب یہ clarification مانگ رہے ہیں تو I have given myself آگے آپ جو فرمائیں۔

جناب چیئرمین: دوسرا یہ جو مسئلہ اٹھایا ہے محمد علی خان صاحب نے کہ

This is an important legal matter and if we require the assistance of the Attorney-General.

تو کیا ہوگا۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: کیا جناب۔

جناب چیئرمین: یہ جو محمد علی خان صاحب نے فرمایا ہے کہ اگر اس مسئلے پر اٹارنی جنرل کی امداد کی ضرورت ہو تو ہم کہاں جائیں گے۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: آپ بھی Attorney General صاحب کو بلا سکتے ہیں۔

Mr. Chairman: No, I don't think so.

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: My humble submission Sir . . . . .

جناب چیئرمین: آپ کی submission ٹھیک ہے،

But I don't think, we can do that.

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: میری عرض سنیں جی

Prima facie, you had admitted the privilege motion not beyond that he is still a Member to this honourable House.

Mr. Chairman: No, I disagree with you Dr. Sahib.

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: Until he is declared or confirmed by the Committee.

Mr. Chairman: Sorry, I disagree with you on that point. Tariq Sahib there is a clarification I want from you.

آپ Rule 61 کو دیکھیں اس میں لکھا ہوا ہے کہ

"A member wishing to raise a question of privilege shall give notice in writing to the Secretary before the commencement of the sitting on the day the question is proposed to be raised." یہ آپ نے کر دیا ہے۔

"......If the question raised is based on a document, the notice shall be accompanied by the document or its copy indicating the specific breach of privilege of the Member or the House .... or"

وہ document جس پر آپ base کر رہے ہیں

that is the resignations of the Ministers

وہ کدھر ہے

and how can I proceed on this without that document.

جناب محمد طارق چوہدری: محترم چیئرمین documents کی ضرورت وہاں ہوتی ہے جہاں پر کوئی چیز مخفی ہو، ابہام میں ہو چھپی ہوئی ہو یہ چیز روز روشن کی طرح عیاں ہے، اخبارات میں آ چکی ہے میں بھی جانتا ہوں آپ بھی جانتے ہیں آپ اگر چاہیں تو میں ابھی جا کر آپ کو cutting دے سکتا ہوں وہ میں نے اس لئے نہیں دی کہ یہ ایک واضح چیز ہے جس کے لئے documents کی ضرورت نہیں ہے اور ابھی خود وزیر موصوف نے یہاں پر آپ کے سامنے اس بات کا اقرار کیا کہ ہاں فی الواقع انہوں نے صدر کو address کرتے ہوئے استعفیٰ وزیراعظم کو دے دیئے تھے یہاں پر ابہام کا کوئی مسئلہ ہی نہیں ہے خود دوسری پارٹی اس کی وضاحت کر چکی ہے کہ ہاں ہم نے استعفے دے دیئے ہوئے ہیں لہٰذا اس میں documents کی ضرورت ہی نہیں اگر آپ سمجھتے ہیں کہ document کی ضرورت ہے تو میں ابھی لائبریری سے اخبار نکال کر آپ کے سامنے سارے رکھ دیتا ہوں۔

Mr. Chairman: You see, in this particular matter,. document is absolutely essential because we are construing a document.

کہ جی وہ وہ خط لکھا ہے اس کی نوعیت کیا ہے وہ استعفیٰ بنتا ہے کہ نہیں بنتا تو

in this particular case I would say that the document was necessary.

جناب محمد طارق چوہدری: محترم چیئرمین! میں صرف اتنی بات عرض کروں گا کہ ہمارا ایک ممبر آپ کے لئے خط لکھتا ہے فرض کریں یہی چھٹی کا مسئلہ ہے publicly وہ کہہ دیتا ہے یا اس ایوان میں آ کر وہ کہتا ہے کہ محترم چیئرمین میں نے دس نومبر کو آپ کے لئے ایک خط لکھا تھا اس خط کے بارے میں، وہ آپ تک نہیں پہنچا، میں اس خط کے بارے میں کوئی موشن، کوئی چیز یہاں پر لاتا ہوں کہ محکمہ ڈاک نے اپنے فرائض انجام نہیں دیئے تو آپ مجھ سے یہ نہیں کہہ سکتے کہ جی وہ خط میں آپ کو provide کروں یا وہ document provide کروں جو وضاحت کرے کہ یہ document تھا جو آپ تک نہیں پہنچا دیکھیں دوسری پارٹی واضح طور پر اس بات کا اعتراف کر رہی ہے اور جناب استعفیٰ جو ہے وہ کوئی مشروط چیز نہیں ہوتی ہاں البتہ یہ تو ایک الگ issue اٹھ گیا کہ یہ وزیر نہیں رہے اور انہوں نے اعتراف کیا کہ آج سے مہینوں پہلے انہوں نے اپنا استعفیٰ وزیراعظم

کو دے دیا تھا اب یہ تو ایک اور نیا issue پیدا ہوگا یہ مستعفی ہو چکے کر وہ post office
جس کا یہ فرض ہے جس کی یہ ذمہ داری ہے کہ صدر تک وہ استعفیٰ پہنچائے وہ ایک الگ issue ہو جائے گا۔

جناب چیئرمین: یہ کہاں لکھا ہوا ہے کہ ذمہ داری ہے۔

جناب محمد طارق چوہدری: جناب یہ بھی تو نہیں لکھا کہ وہ نہ پہنچائے۔

Mr. Chairman: Mr. Ahmedmian Soomro, can you help us on this question.

Mr. Ahmedmian Soomro: Thank you Mr. Chairman, but I unfortunately would probably disagree with both the sides taking an impartial view.

First of all the question is of Article 92(3) which talks of resignations, there is no question of acceptance of the resignation but the resignation must reach the authority to whom it is addressed, the President is the authority, if for example, they have given their resignations which of course are to be sent to the President but I take the other view, if they had given their resignations addressed to the Prime Minister and put it to her hand that would not be considered as a resignation under Article 92(3).

اگر آپ میں اختلاف ہے تو پھر میں کیا کروں۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: آپ حقائق کی بات کریں۔

جناب چیئرمین: اگر حقائق کی بات ہو اور وزیر مملکت کہے کہ یہ بات ہے اور وزیر کہے یہ بات ہے تو میں کیا کروں۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: آپ حقائق پر کریں جو حقیقی بات ہے۔

جناب چیئرمین: ڈاکٹر صاحب اگر حقائق میں اختلاف ہو تو میں کس کی بات مانوں۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: اختلاف نہیں بات سیدھی ہے۔

Mr. Chairman: Then I should determine as to who is right?

Dr. Sher Afgan Khan Niaz: I am right, Sir.

Mr. Chairman: No.

جی محمود منٹو صاحب، آپ بھی کچھ کہنا چاہ رہے ہیں۔

جناب محمود احمد منٹو: جناب والا! یہ جو بحث ہو رہی ہے اس میں محترم وزیر داخلہ صاحب نے ایک بات تو مانی ہے اور وہ بات یہ ہے کہ قانونی طور پر جب استعفیٰ دے دیا جاتا ہے تو وہ effective ہو جاتا ہے،

as far as the Ministers are concerned.

اب اس میں دیکھنے والی باتیں دو ہیں ایک سومرو صاحب نے بات نکالی ہے جیب والی میں نہیں جانتا کہ ان کی جیب کتنی بڑی ہے مگر بہرحال جیب والی بات ہے کہ استعفیٰ لکھ کر جیب میں ڈال لیں، یہ کہنا میرا خیال ہے بالکل غلط ہے اس لئے کہ یہ یہاں apply ہی نہیں کرتا کسی شخص نے resignation دے کر اپنی جیب میں نہیں ڈالا ہمارے دوست جاوید جبار صاحب کا بار بار نام لیا جاتا ہے ان کی جیب میں ڈال دیا ان کی جیب میں بھی نہیں ڈالا کسی کی جیب میں نہیں ڈالا بلکہ اس الم نشرح اس کو کہا ہے ریڈیو پر اور ٹی وی پر اعلان کئے ہیں، اخباروں میں چھپوایا ہے کہ ہم نے resignations دے دیئے ہیں۔ اب یہ سوچنا کہ کیوں کہ یہ وزیراعظم صاحبہ کے ہاتھ میں دیئے گئے ہیں اس واسطے وہ submit نہیں ہوئے یہ strange ہے address ہوا ہے خود مانتے ہیں۔

The fact is admitted that this has been addressed to the President, simply given to the Prime Minister.

کیوں کہ وہ ان کی سب سے بڑی منسٹر ہیں اور یہ ان کو responsible ہیں اس واسطے ان کے ہاتھ میں استعفے دے دیئے گئے کہ آپ صدر صاحب کو پہنچا دیں۔ اب صدر صاحب کے متعلق یہ سوچنا کہ ان کو ان resignations کا پتہ نہیں لگا اگر ہمیں یا بازار میں لوگوں کو یہ پتہ لگ جاتا ہے جن کو سنانے کا مقصد تھا دراصل کہ ہم نے resign tion دیئے ہیں ہم نے یہ کیا ہے وہ کیا ہے تو صدر صاحب کو اس کا پتہ نہیں ہے کہ یہ

addressed to me these resignations are lying with the Prime Minister.

یہ نہیں ہم جانتے کہ انہوں نے آگے بھیجے ہیں یا نہیں بھیجے اگر نہیں بھیجے تو انہوں نے غلطی کی ہے and she neglected her duty. کہ یہ resignations آتے ہیں جو addressed ہیں صدر کو لیکن وہ اپنی جیب میں ڈال کر یا اپنے ڈیسک میں رکھ کر بیٹھ جاتی ہیں آگے نہیں بھیجتیں مگر ان کی transmission complete ہو چکی ہے۔ اس لئے complete ہو چکی ہے کہ ان وزراء صاحبان نے خود یہ علی الاعلان کہا ہے پریس کے ذریعے بھی ریڈیو اور ٹی وی کے ذریعے بھی کہ ہم نے یہ استعفے دے دیئے ہیں اور وزیراعظم صاحبہ نے بھی کہہ دیا ہے کہ یہ resignations ہیں اور تمام منسٹروں نے

[Mr. Mahmmud Ahmed Minto]

resignations دے دیئے ہیں اب دوسرا سوال جو اس میں پیدا ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ وہ کہیں کہ یہ resignations جب تک accept نہیں ہو جائیں گے اس وقت تک یہ effective نہیں ہوں گے اس کے لئے جناب چیئرمین ! یہ دیکھنا پڑے گا کہ آیا کہیں کوئی provision ہے آئین میں acceptance کی ۔

جناب چیئرمین: نہیں اس پر تو I think, there is a consensus کہ acceptance ضروری نہیں ہے اعتزاز صاحب بھی یہی کہہ رہے ہیں سومرو صاحب بھی یہی کہہ رہے ہیں ۔

جناب محمود احمد منٹو: acceptance alright ضروری نہیں ہے میں اس سے ایک قدم آگے جاتا ہوں کہیں آئین میں یہ ہے کہ صدر صاحب کو کوئی وزیر صاحب استعفیٰ دیں گے تو وہ اس کو مسترد بھی کر سکتے ہیں کہاں لکھا ہے کہ اس استعفیٰ کو صدر صاحب کہیں گے نہیں استعفیٰ نا منظور اگر یہ بات ہے کہ وہ اس کو منظور نہیں کر سکتے تو اس کا مطلب یہی نکلتا ہے کہ صرف

By giving the resignation, by tendering the resignation, it will be considered that the resignation has been accepted.

اور جب یہ ثابت ہو جائے کہ یہ جیب میں ڈالنے والی بات نہیں میں اپنے فاضل دوست سومرو صاحب سے پوچھوں گا کہ آیا یہ جو ریڈیو میں اور press میں اعلان ہوا کیا یہ جیب میں ڈالا ہوا ہے یہ ساری ان کی جیب ہے ' یہ کہاں جیب ہے یہ تو ہمارے کانوں میں بار بار پھونکا گیا ہے بار بار اس کو بڑھ چڑھ کر بیان کیا گیا ہے اور بڑی دیدہ دلیری سے بیان کیا کھلم کھلا to get credit کہ دیکھو ہم نے استعفے دے دیئے ہیں تو یہ صدر صاحب کو نہیں معلوم یہ ان کی جیب میں کہاں ہوا یہ جیب کی analogy جو ہے میری سمجھ میں نہیں آتی اور میں سمجھتا ہوں کہ محض solicitory ہے اور کوئی چیز نہیں ہے میں آپ سے عرض کرتا ہوں کہ under the circumstances یہ سمجھا جائے گا کہ جس دن انہوں نے resignation address کیئے صدر کو اور ان کی submission کے لئے اور کوئی چارہ نہیں سوائے اس کے کہ یہ ایک ایک وزیر جا کے صدر صاحب کے ہاتھ میں دے کے آئے وہ تو کبھی ہوتا نہیں کیوں کہ ان کی لیڈر ہیں وزیر اعظم صاحبہ اور ان کو دے دیئے

کہ یہ رہے ہمارے resignations آپ کو نہیں دے رہے

Because she was nobody to reject them or accept them.

ہم یہ صدر صاحب کو ایڈریس کر رہے ہیں اس دن سے وہ accepted سمجھے جائیں گے۔

جناب اعتزاز احسن: میں عرض کروں گا کہ ایک Article 46 کا حوالہ دیا گیا اب واقعاتی وضاحت

on the basis of facts this is not a Cabinet decision. All the Ministers have resigned no doubt, but this was not a Cabinet decision. The Cabinet is not to decide on resignations. The Cabinet did not resolve. There is no decision of the Cabinet which is a specific body referred to in Article 46.

Mr. Chairman: But could the President, I agree with you.

Mr. Aitzaz Ahsan: He is not.

Mr. Chairman: Could the President call for this information under 46(c) which says:

(c) If the President so requires, to submit for the consideration of the Cabinet any matter on which a decision has been taken by the Prime Minister or a Minister but which has not been considered by the Cabinet."

Mr. Aitzaz Ahsan: He could possibly, if he wants to. But then it is not necessary that the resignations be sent to him. He can seek information, etc. They may not be transmitted to him.

جناب چیئرمین: آرٹیکل (b)۴۶ میں بھی آسکتا ہے۔

46(b) to furnish such information relating to the administration of the affairs of the Federation..."

Mr. Aitzaz Ahsan: But the President has not sought this information. The President has left it also to the disc·etion of the Prime Minister. May I just add one thing about this 'pocket'? It is not.

[Mr. Aitazaz Ashen]

جناب چیئرمین صاحب! ہماری سیاست ۔ آیا ہے، آیا ہے پر ٹیلی ویژن پر ریڈیو پر یہ جی کہ
کچھ چھپی چھپائی، سازشی سیاست نہیں ہے یہ اس قسم کی سیاست نہیں ہے کہ ہم چوری
چھپے کریں کمیٹی روم میں جو ہم کرتے ہیں، ہم دنیا کو بتاتے ہیں کہ یہ ہم نے کیا ہے اور
ہم نے بتایا ہے کہ ہم نے وزیر اعظم پر پوری طرح اعتماد کا اظہار کیا ہے۔

جناب محمود احمد منٹو: استعفیٰ دیا ہے .....

Mr. Chairman: I will try and give a ruling on this. This is an important question. But nevertheless, I will make an effort.

Senator Mr. Muhammad Tariq Chaudhary seeks leave to raise a question of breach of privilege based on press reports that members of the Federal Cabinet and the Ministers of State have submitted their resignations. According to the honourable Senator, there are three kinds of Ministers who would be or could be affected by such a decision.

Firstly, those Ministers who have not tendered their resignations. Obviously such Ministers would not be affected by such a decision. Secondly Ministers who are Members of the Senate. According to the honourable Senator such Ministers could still have the privilege of participating in the proceedings of the House. Thirdly, according to the honourable Senator would be Ministers who are Members of the National Assembly and have been conferred the privilege of speaking in and otherwise taking part in the proceedings of the House which privilege has been conferred on such Ministers by Article 57 of the Constitution. It is the contention of Mr. Tariq Chaudhary that those Members of the National Assembly who have been conferred the privilege of participating in the proceedings of the House under Article 57 of the Constitution would no longer be in a position to participate in these proceedings after their resignations have been tendered because in such a case they would be having no right to avail of the privilege conferred by Article 57.

Senator Tariq Chaudhary in support of his contentions relies on Article 92 clause (3) of the Constitution which reads as follows:

"92 (3). A Federal Minister or Minister of State may, by writing under his hand addressed to the President, resign his office or may be removed from office by the President on the advice of the Prime Minister".

Mr. Tariq Chaudhary is of the opinion that the resignations having been addressed to the president, there was no question of their being

accepted as there was no such provision in the Constitution and that the resignations take effect the moment the Minster or the Minister of State by writing under his hand resigns his office addressing the same to the President.

Several other Senators have also expressed their views on this important matter. Senator Ahmedmian Soomro is of the opinion that it is not necessary for the resignation to be accepted but it would be necessary that the resignations are transmitted to the President. Once the resignations are received by the President they would take effect. According to Senator Sartaj Aziz the word 'addressed' used in clause (3) of Article 92 implies that the same should be transmitted to the President and on receipt of the resignations, the resignations would take effect. Maulana Samiul Haq and Qazi Abdul Latif have both supported the contentions raised by Senator Tariq Chaudhary and have supported the point of view expressed by him

Dr. Sher Afgan Khan Niazi, the Minister of State for Parliamentary Affairs has opposed the privilege motion firstly on the ground that the resignations though addressed to the President have not reached the President so far and were handed over to the Prime Minister with the intention that the Prime Minister would submit the same to the President as and when she thought appropriate. Secondly, he is of the opinion that the resignations have to be notified and since the resignations have not so far been notified they would not take effect. He has also argued that no breach of privilege of the House is concerned as such because the resignations have not created any obstacle in the performance of the functions of the House.

I requested Mr. Aitzaz to assist me in the resolution of this difficult question. Mr. Aitzaz Ahsan has argued that transmission of the resignations is necessary and that without such transmission the resignations would not take effect. He has also explained that the resignations were submitted to the Prime Minister to show confidence of the entire Cabinet in the Prime Minister. The objective was that the Prime Minister would be at full liberty to use these resignations at any time either to re-form the Cabinet or to change the portfolios of the Ministers concerned

I have considered the matter in the light of the arguments presented from both sides of the House. Article 92 clause (3) is absolutely clear that a Federal Minister or Minister of State may by writing under his hand addressed to the President resign his office. Similar provision regarding resignations of high personages under the Constitution also exists. Article

[Mr. Chairman]

44 clause (3) deals with the resignation of the President of Pakistan and it reads as follows:

> "44 (3). The President may, by writing under his hand addressed to the Speaker of the National Assembly, resign his office".

Article 206 deals with the resignations of the Judges of the superior courts of Pakistan and it reads as follows:

> "206 (1). A Judge of the Supreme Court or of a High Court may resign his office by writing under his hand addressed to the President".

Similar provision, as we have seen, exists for resignations by the Ministers and Ministers of State. In all these offices the resignation is a privilege of the person concerned and it is a right conferred on him and does not depend in any case upon acceptance by the authority to whom it is communicated. This right is the right of the person - in the case of Article 44, it is the right of the President, in the case mentioned in Article 206 it is the right of the Judge of the Supreme Court or of the High Court and in the cases mentioned in Article 92 clause (3) it is the right of the Minister or the Minister of State concerned. However, as was very clearly pointed out during the discussion in the case, there may be instances where the view taken that resignations would take effect the moment they are signed would create difficulty. As was pointed out by Senator Ahmedmain Soomro, a resignation may be addressed to the President and kept in the pocket of the person concerned. Obviously such a resignation would not take effect and this view was supported by Mr. Aitzaz Ahsan. It appears to me that this would not take effect because it was the intention of the person submitting his resignation that such resignation would not take effect on immediate signature. The resignations which are contemplated by clause (3) of Article 92 and those contemplated by Article 44 and Article 206 are voluntary resignations and, therefore, the intention of the person submitting the resignation would be very relevant in these cases. It would depend on the circumstances of each case whether the resignation would take effect on addressing a letter to the President or it would take place at a subsequent time. In the instant case, as explained by the honourable Ministers, the resignations were submitted to the Prime Minister in order to repose confidence in her so that she may be able to re-form her Cabinet or change the portfolios as and when she desires and obviously in this particular case the resignations were not intended to take effect on submission to the

Prime Minister but were intended to take effect on transmission to the President of Pakistan. Therefore, in the instant case I have come to the conclusion that the resignations have not so far taken effect and would only take effect after the Prime Minister submits these resignations to the President of Pakistan. In the light of the discussions above I hold that there would be no bar on the Members of the National Assembly who are Ministers or Ministers of State to participate in the proceedings of this House. Accordingly, this privilege motion is ruled out of order

ADJOURNMENT MOTIONS

I) ATTACK ONT HE OFFICE OF THE DAILY 'JANG' KARACHI

جناب چیئرمین: اب ہم تحاریک التواء لیتے ہیں۔
کل سے ایک معاملہ چل رہا ہے جی فصیح اقبال صاحب آپ کا وہ معاملہ تھا۔

سید فصیح اقبال: میں نے اپنے وزیر اطلاعات سے ایک گزارش کی تھی کہ وہ اس کو information کی Standing Committee میں refer کر دیں۔ تاکہ اس سلسلے میں پوری ......

جناب چیئرمین: وزیر صاحب موجود ہیں۔ آپ کو کوئی اعتراض ہے کہ سٹینڈنگ کمیٹی اس کو consider کر لے۔ کوئی اعتراض نہیں۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: ابھی تو مجھے یہ اختلاف ہے کہ اسی آنریبل ہاؤس کی رولنگ ہے ایسے ہی ایک کیس میں اور اسی طریقہ کار سے یہ adjournment motion بنیادی طور پر admissible ہی نہیں ہے.....

جناب چیئرمین: نہیں اس پر بحث نہیں کرتے وہ کہہ رہے ہیں کہ اس کی چھان بین کے لئے سٹینڈنگ کمیٹی اس کو دیکھ لے۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: یہ تحریک التوا بنتی نہیں ہے چھان بین کی ضرورت ہی نہیں ہے....

جناب چیئرمین: نہیں نہیں اس کی admissibility کی ہم بات نہیں کریں گے آپ سے agree کر لیں گے کہ نہیں بنتی ہے۔ لیکن یہ چاہتے ہیں کہ ایک معاملے کی چھان بین ہو جائے۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: بنیادی طور پر کیس رجسٹرڈ ہو چکا ہے۔ Subjudice matter ہے.....

جناب چیئرمین: یہ اعوان صاحب آگئے ہیں ان سے بات کرتے ہیں۔ اعوان صاحب یہ admissibility پر میں agree کرتا ہوں کہ prime facie نہیں بنتی ہے کیونکہ اس پر کیس بھی رجسٹرڈ ہو چکا ہے جس طرح آپ نے فرمایا کہ یہ صوبائی معاملہ بھی ہے اور تیسری بات جو بہت اہم بھی ہے کہ یہ معاملہ ختم ہو چکا ہے لیکن ایک واقعہ ہے۔ اس سے کافی ہیجان پیدا ہوا۔ اس لئے جناب فصیح اقبال صاحب کی درخواست ہے کہ اس پر Standing Committee غور کر لے اور پھر جو سفارشات وہ دے اس پر غور کر لیں۔

جناب احمد سعید اعوان: جناب چیئرمین صاحب، اگر یہ رولنگ ہے تو ...

جناب چیئرمین: یہ رولنگ نہیں ہے ... رولنگ نہیں ہے۔ رولنگ تو وہ ہوگی کہ میں کہوں کہ یہ admissible ہے میں تو admit نہیں کر رہا ہوں۔

جناب احمد سعید اعوان: اگر یہ admissible ہے ہی نہیں، .....

جناب چیئرمین: نہیں ہے۔

جناب احمد سعید اعوان: تو پھر اس کو کمیٹی کے پاس بھیجنے کا کیا مقصد ہے، اس کا کیا فائدہ ہے۔ What they will gain out of it?

جناب چیئرمین: فائدہ یہ ہوگا کہ مثلاً یہ واقعہ ہوا ہے، اس میں ہو سکتا ہے کہ کسی کی طرف سے زیادتی ہوئی ہو، یا کوئی کوتاہی ہو گئی ہو، ممکن ہے یہ کوتاہی administration کی طرف سے ہو گئی ہو، ... یہ ساری باتیں اس کمیٹی میں زیر غور آ سکتی ہیں .....

جناب احمد سعید اعوان: جناب چیئرمین! میں عرض کروں گا کہ یہ unprecedented ruling ہوگی۔

جناب چیئرمین: نہیں، میں یہ رولنگ نہیں دے رہا .....

جناب احمد سعید اعوان: یہ پھر کس حیثیت میں کمیٹی کے پاس جائے گی۔

جناب چیئرمین: اس کے لئے وہ request کر رہے ہیں .....

جناب احمد سعید اعوان: میں بھی request کر رہا ہوں۔

سید فصیح اقبال: جناب چیئرمین! اسی سلسلے میں "مرکز" کا ایک کیس کمیٹی کے سامنے ہے، تو میں چاہتا ہوں کہ یہ بھی اس کمیٹی میں طے ہو جائے۔

بات یہ ہے کہ ابھی تک 'مرکز' اخبار کا کیس کیٹی کے سامنے ہے۔ اس سلسلے میں بھی رجسٹرڈ ہوا تھا۔ اس کے متعلق بھی ابھی تک آپ نے کچھ نہیں کیا۔ 'مرکز' کا کیس بھی بالکل similar case ہی تھا

جناب احمد سعید اعوان: جناب والا! 'مرکز' کے کیس اور اس میں زمین و آسمان کا فرق ہے۔ اسے' اس کے ساتھ Link کرنا' facts کے خلاف ہے' دونوں کیسوں کے facts علیحدہ ہیں۔ اس کی territory جو تھی وہ اسلام آباد میں آتی ہے آپ یہ کہہ سکتے ہیں۔ اس میں اور کراچی کے واقعہ میں زمین و آسمان کا فرق ہے۔ admissibility کے متعلق عرض کرتا ہوں کہ یہ subjudice matter ہے۔ subjudice matter کو سینیٹ کی کمیٹی کیسے under discussion لائے گی اور پھر جناب والا! میں نے آپ کی خدمت میں ایک رولنگ کا حوالہ بھی دیا ہے۔ اس لئے وہاں پر اسے بھیجنے کا کوئی مقصد نہیں ہے اگر بھیجنا ہی ہے تو پھر اس کا مقصد بتائیں۔

What they will gain out of it?

جناب چیئرمین: فصیح اقبال صاحب' وہ کہتے ہیں کہ اس سے کیا مقصد حاصل ہوگا۔

سید فصیح اقبال: جناب والا! مقصد یہ تھا کہ اس سلسلے میں میر خلیل الرحمن صاحب کو کیٹی میں بلایا جاتا' ان تنظیموں کو بلایا جاتا جنہوں نے اخبارات میں بیان دیئے تھے' اور سخت reaction ظاہر کیا تھا۔ تمام پاکستان کی تنظیموں نے جن میں APNS ہے' CPNE ہے سب نے اس واقعہ کے خلاف کافی سخت reaction کا مظاہرہ کیا تھا' اور پھر اس پر وزیر اطلاعات کا ایک بیان بھی آیا تھا۔ اگر یہ سب چیزیں ایک جگہ پر بیٹھ کر طے ہو سکتی ہیں تو کیا یہ زیادہ بہتر forum نہیں ہے میرا خیال یہ ہے کہ یہ اس پر اصرار نہ کریں ورنہ یہاں اس بات پر Debate بھی ہو سکتی ہے۔ کیونکہ Press کے متعلق کتنی ایسی statements ہیں...

جناب چیئرمین: دیکھیں' debate تو ہو سکتی ہے۔ لیکن اس وقت یہ مسئلہ سامنے ہے کہ یہ مسئلہ اب ختم ہو چکا ہے' بات ختم ہو گئی ہے۔

سید فصیح اقبال: بات کہاں ختم ہو گئی ہے' ابھی تک cases ہیں جہاں تک APNS کا تعلق ہے' CPNE کا تعلق ہے' اس پر ان کا reaction تو موجود ہے۔

جناب احمد سعید اعوان: جناب چیئرمین صاحب! وہ reaction ٹھیک ہے موجود ہے مگر اسے وزارت انفارمیشن deal کرے گی۔ اگر یہ اس پر debate کرنا چاہتے ہیں، تو اس پر یہ بڑی خوشی سے موشن لائیں debate کریں، ہم اس کا جواب دیں گے۔ لیکن ایک Issue جو dead ہے ختم ہو چکا ہے...

سید فصیح اقبال: جناب! اس وقت یہ dead issue تو نہیں ہے۔

جناب چیئرمین: یہ واقعہ جس پر یہ تحریک تھی، وہ تو ختم ہو چکا ہوا ہے یعنی کیس درج ہو گیا ہے، Investigation ہو رہی ہے۔ اس لحاظ سے یہ ختم ہو گیا ہے۔

جناب احمد سعید اعوان: میر صاحب سے میری خود بات چیت ہو چکی ہے، جس دن وہاں پر raid ہوا ہے، میں نے اس دن خود فون کیا تھا تمام management سے بات کی ہے، اس کے متعلق میر صاحب کو پتہ ہے وہاں میں خود گیا ہوں اور اس دن کراچی میں تقریباً ۳۰ ایڈیٹرز کے ساتھ جو discussion ہوئی، اس میں تمام نے agree کیا کہ واقعی یہ زیادتی تھی۔ وہاں پر بھی میں نے یہ بات کی کہ آپ نے زیادتی کی تھی، پھر انہوں نے بھی زیادتی کی تھی۔ یہ دونوں واقعات نہیں ہونے چاہئیں تھے۔ میں نے اس واقعہ کو condemn بھی کیا کہ اس قسم کا واقعہ نہیں ہونا چاہیئے تھا۔ It is on the record,

اب میری condemnation کے بعد، کراچی میں، جس میں تمام press موجود تھا، تمام ایڈیٹرز موجود تھے، اس کو پھر نئے سرے سے یہاں پر لانا، اس پر discussion کرنا، .... ان سب چیزوں کا مقصد کیا ہے؟ یا تو اس میں کوئی utility ہو، یا اس سے کوئی اثر پڑتا ہو، یا اس کا فیصلہ کورٹ میں ہوتا ہو، یا اس کا کوئی اثر administration پر پڑتا ہو، What is the use?

سید فصیح اقبال: جناب اس کے متعلق میں بتاتا ہوں APNS کا اپنا stand ہے، CPNE کی جو تنظیم ہے اس کا اپنا stand ہے۔ انہوں نے اس مسئلہ پر اپنا سخت reaction ظاہر کیا تھا۔ یہ کراچی بھی تشریف لے گئے، وہاں سے واقعات پوچھے۔ کورٹ میں کافی غلط فہمی ہوگی اگر اس مسئلہ کو کمیٹی میں لایا جائے تو یہ ان کے لئے بہتر ہوگا۔ اگر ان کی مرضی نہیں ہے تو پھر میں پریس نہیں کرتا۔

جناب چیئرمین: تو آپ اس طرح کریں، میری یہ تجویز ہے کہ As Chairman of the Information Committee.

آپ کو حق حاصل ہے کہ آپ کسی معاملے میں رپورٹ منگوائیں اور اسے دیکھیں۔ اس مسئلہ پر چونکہ وزیر صاحب نے صحیح فرمایا ہے کہ کیس درج ہو چکا ہوا ہے' اور The matter is under investigation. معاملہ ختم ہو گیا ہے' Incident ختم ہو گیا معمول کے مطابق پریس چل رہا ہے' پولیس اس کی تفتیش کر رہی ہے' تیسری بات یہ ہے کہ

This is a law and order problem which pertains to a province.

ان وجوہات کی بنا پر میں سمجھتا ہوں کہ یہ

As an adjournment motion it is not admissible but as Chairman of the Committee concerned you have a right

کہ آپ ان معاملات میں دیکھیں۔ اور سفارشات کریں۔

So, this is ruled out of order on the ground that it is not admissible. Thank you.

Next is Qazi Abdul Latif Sahib on the circulation of a proforma by the Establishment Division to be filled in by all the officers of various occupational groups asking them to divulge their own as well as their parents political affiliations.

(II) RE: CIRCULATION OF A PROFORMA AMONG THE EMPLOYEES TO SHOW THEIR OWN OR THEIR RELATIVES POLITICAL AFFILIATION

جی جناب قاضی صاحب' آپ کی تحریک التواء نمبر ۱۷ ہے۔

قاضی عبداللطیف: میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ سینیٹ کی معمول کی کارروائی روک کر اس اہم حالیہ وقوع پذیر قومی اہمیت کے معاملہ پر ایوان کو بحث کا موقع دیا جائے روزنامہ" نوائے وقت" راولپنڈی ۱۷ اکتوبر ۱۹۸۹ء کی سرخی ہے۔ نقطۂ نظر مذہبی یا ترقی پسندانہ۔ حکومت نے وفاقی اداروں کے گریڈ ۱۶ اور اس سے بالا درجہ کے تمام افسران سے پوچھا ہے کہ وہ حکومت کو بتائیں کہ ان کا نقطۂ نظر مذہبی ہے یا ترقی پسندانہ' باخبر ذرائع کے مطابق Establishment نے آج ایک Circular جاری کیا ہے۔ جس میں تمام Gazetted افسران سے جہاں ان کی مصروفیات' مشاغل' خاندانی پس منظر کے حوالے سے استفسار کیا اور کہا گیا' وہاں ان سے یہ سوال بھی پوچھا گیا ہے کہ وہ بتائیں کہ ان کا نقطۂ نظر مذہبی ہے یا ترقی پسندانہ ہے۔ بعض افسران کا خیال ہے کہ حکومت اس استفسار کو بنیاد بنا کر افسران کے آئندہ ترقیوں اور تقرریوں کا فیصلہ کرے گی۔

Qazi Abdul Latif

جناب والا! اس سے تمام مسلمان افسران میں انتہائی تشویش پائی جاتی ہے کہ یہ ان کے مذہبی رجحانات پر ایک ضرب ہے جو دستور پاکستان کے سراسر خلاف ہے، ایوان کو اس پر بحث کا موقع دیا جائے۔

Mr. Chairman: Is it being opposed?

Dr. Sher Afgan Khan Niaz: Opposed.

جناب چیئرمین: جی قاضی صاحب dmissibility پر بات کریں کہ کس قسم کا proforma ہے، یہ کیا سلسلہ ہے۔

قاضی عبداللطیف: جی میری گزارش یہ ہے کہ اس کا جواب کون دے گا۔

جناب چیئرمین: اس کا جواب ڈاکٹر صاحب دیں گے لیکن آپ بتائیں کہ یہ کیا معاملہ ہے؟

قاضی عبداللطیف: ڈاکٹر صاحب کو اللہ تعالیٰ نے اس انعام سے نوازا ہے کہ وہ چاہے سوال یا تحریک سمجھیں یا نہ سمجھیں، اس کا جواب دینے کی اللہ تعالیٰ نے ان میں صلاحیت پیدا کی ہے۔ بہرحال ہم ان کے مشکور رہیں۔

جناب والا! میں گزارش کرتا ہوں کہ ملازمین کو جو سوال نامہ بھیجا گیا ہے، وہ ہیں گریڈ ۱۶ سے اوپر والے ملازمین۔ اس میں ان سے خاندان سے متعلق تمام افراد یعنی، باپ دادا، اور بیوی کے بہن بھائیوں کے متعلق پوچھا گیا ہے کہ ان کا تعلق کن سیاسی جماعتوں سے رہا ہے جہاں تک ملازمین کا تعلق ہے، اپنی ذات کی حد تک، اس سے متعلقہ بات وہ پوچھ سکتے ہیں کہ مثلاً آپ کسی سیاسی جماعت کے رکن تو نہیں ہیں۔ اس لئے کہ کسی سرکاری ملازم کو کسی سیاسی جماعت کا رکن بننے کی ممانعت ہے لیکن یہ ساری معلومات ان سے اس سلسلے میں پوچھنا ایک قسم کا بعینہٖ وہی طرز حکومت ہے کہ جو آج تک Cummunist ممالک کے اندر رائج ہے۔ جہاں صرف یک جماعتی نظام قائم کیا گیا ہے جو آج ناکام ہو چکا ہے۔ خصوصیت سے ان سے یہ بھی پوچھا گیا ہے کہ تم ترقی پسند ہو یا مذہبی رجحانات رکھنے والے ہو، تو اس کے معنی یہ ہیں کہ انہوں نے مذہب کو ترقی کے بالمقابل قائم کر دیا ہے۔ جب کہ ہمیشہ مذہب نے ترقی کے متعلق ترغیب دی ہے اور کہا ہے، کہ تم بھلائی میں ایک دوسرے سے آگے بڑھو، اور ترقی کرتے رہو۔ لیکن انہوں نے یہاں پر

اسی ترقی کو مذہب کے مقابل قرار دے کر پوچھا ہے تو اس کے معنی یہ ہیں کہ یہ لا مذہبی ترقی ہے، تم اس کے قائل ہو یا مذہبی ترقی کے قائل ہو، اس طرح سے انہوں نے مذہبی جذبات کو بھی مجروح کیا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ یہ ہے یہاں ان کو نظام یوں چلانا مقصود ہے کہ گویا کہ یہاں صرف اور صرف ایک ہی پارٹی موجود ہو۔ اس شکل کے لحاظ سے میں سمجھتا ہوں کہ سیاسی نقطۂ نگاہ اور مذہبی نقطۂ نگاہ سے بھی ان تمام آفیسرز کے اندر بڑی پریشانی اور اضطراب دیا جاتا ہے لہذا اس پر ایوان کو بحث کا موقع دیا جائے۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: جناب چیئرمین! میں اتنی گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ یہ صرف مفروضہ ہے یہ مفروضے پر مشتمل تحریک التوا ہے اگر کوئی پروفارما ہے تو قاضی صاحب آپ کے سامنے پیش فرمائیں۔ And it is hit by Rule 75

جناب چیئرمین: نہیں وہ واقعات کی بات پہ کہا جا رہا ہے کہ اس قسم کے ۔۔۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: میں عرض کر رہا ہوں کہ جناب اگر ان کے پاس اس پروفارما کا کوئی documentary proof ہے جس میں یہ ترقی پسندانہ اور پرانے قسم کی باتیں ۔۔۔۔

جناب چیئرمین: نہیں یہ جو questaionair ہے اور Establishment Division کی طرف سے بھیجا گیا ہے اور اخبارات میں آیا ہے، اور اس کی کوئی تردید نہیں ہوئی اور اس میں بہت سی اطلاعات مانگی گئی ہیں، اس میں یہ بھی ہے، کہ آپ کے بھائی کیا کرتے ہیں آپ کے والد کیا کرتے ہیں آپ کے بیرون ملک کوئی رشتہ دار ہیں ان کے بارے میں پوچھا گیا ہے تو اس کی ابھی تک حکومت کی طرف سے کوئی تردید نہیں آئی کہ ایسا نہیں ہوا،

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: جناب والا! آپ ان کی تحریکِ التوا کا متن پڑھیئے اور انہوں نے بیان ۔۔۔۔۔۔

جناب چیئرمین: انہوں نے تو صرف ایک چیز کو اٹھایا ہے۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: میں بھی جناب اسی کی بات کرتا ہوں ۔۔۔۔

جناب چیئرمین: آپ مجھے ساری چیز کا بتائیں کہ کوئی سوال نامہ جاری ہوا ہے یا نہیں؟

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: سر! سوالنامہ نہیں ہے وہ باقاعدہ......

جناب چیئرمین: آپ وہ سوالنامہ لے آئیں اسکو دیکھکر پھر فیصلہ کیا جائے گا۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: قاضی صاحب لائیں ...

جناب چیئرمین: نہیں قاضی صاحب نہیں Establishment Division سے تو سوالنامہ آپ ہی لا سکتے ہیں۔ قاضی صاحب کیسے لائیں گے؟ وہ تو Establishment Division نے جاری کیا ہے قاضی صاحب نے تو اخبار میں پڑھا اور تحریک دے دی۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: میں categorically کہہ رہا ہوں کہ یہ بات مفروضے پر بات مبنی ہے ....

جناب چیئرمین: یہ categorically اس لئے میں نہیں مان رہا کہ اخبارات میں یہ آچکا ہے اس کی تردید نہیں ہوئی۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: میں تردید کر رہا ہوں جی۔

جناب چیئرمین: آپ مہربانی کرکے سوالنامہ ایوان میں پیش کر دیں۔

Because this is a very importnat matter. It has created a lot of anxiety among the civil servants and I would like to look into this matter.

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: جناب والا! میں اتنی گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ proforma جو یہ فرما رہے ہیں نہ questioner ہے نہ اس قسم کی بات ہے جو الزام انھوں نے لگایا ہے کہ اس قسم کی صورتحال افسران کو درپیش ہے، ایسی بات نہیں ہے یہ درست نہیں ہے .....

جناب چیئرمین: جی جناب سرتاج عزیز صاحب آپ نے یہ proforma دیکھا ہے؟

Mr. Sartaj Aziz: Mr. Chairman, the Minister is referring to the written statement to the honourable Senator in which he has asked to draw a distinction between. ترقی پسند اور مذہبی رجحانات

In his oral statement he also pointed out the inclusion in the proforma of political affiliation of relations of government servants, is he prepared to deny it or not?

ii) ARE : CIRCULATION OF A PROFORMA AMONG THE EMPLOYEES TO SHOW THEIR OWN OR THEIR RELATIONS POLITICAL AFFILIATION

Mr. Chairman: Have you seen it?

جناب سرتاج عزیز : ہاں جی ۔
جناب چیئرمین : اس میں کیا کیا ہے ؟

Mr. Sartaj Aziz: Political affiliations of relations.

جناب چیئرمین : اور کیا اس میں پوچھا گیا ہے ؟
جناب سرتاج عزیز : بس یہی بات ہے جو انہوں نے کہی ہے باقی باتیں نہیں اس میں ۔

Mr. Chairman: Mr. Farooq Leghari, you have been a civil servant can you throw light on this matter, this new proforma which has come up.

Sardar Farooq Ahmad Leghari: Sir, I am afraid I don't know anything about this.

Mr. Chairman: Mr. Aitzaz Ahsan would you know anything about this proforma which has become the subject of a lot of anxiety among the civil servants in the country.

Mr. Aitzaz Ahsan: Mr. Chairman, I have also seen it in the press with of course some deep concern on what there has been allegedly in the Press the contents of the proforma, Since there has been no Cabinet position on this, since the matter has not come to the Cabinet, I don't know at what level in the Establishment Division, if there is such a proforma, it has been taken up and at what level the decision was taken up. I think we will certainly take it up.

Mr. Chairman: I think what we will do is that you know that there were editorials on this also. It was also in the 'Nation'. What we will do is that Mr. Sartaj Aziz has seen this, we will admit this adjournment motion and I would request you to kindly provide us with the proforma so that it can be examined by the members and we can have a meaningful discussion. So, this is admitted.

Mr. Aitzaz Ahsan: Alright Sir.

Mr. Chairman: So, no other adjournment motion to be taken. یہ قاضی صاحب کی موشن ہو گئی ہے

This adjournment motion regarding the proforma issued by the Establishment Division is admitted and I will fix a time for discussion on

[Mr. Chairman]

this motion and as I have said, I would request you kindly to have this placed on the Table of the House so that the Members can know what it is about.

قاضی عبداللطیف: یہ بحث کے لئے کب تک آئے گی جناب؟

جناب چیئرمین: جی یہ بڑا اہم مسئلہ ہے اور اس کی اہمیت کا مجھے احساس ہے جلدی آ جائے گی۔

سید فصیح اقبال: جناب میں اسی سلسلے میں کہہ رہا تھا کہ یہ میرے پاس ہے میں کل آپ کو پیش کر دوں گا مزید یہ کہ میری اطلاع یہ بھی ہے کہ تین پروفارمے انہوں نے change کئے ہیں اسی پندرہ دنوں میں۔

جناب چیئرمین: وہ سارے لے آئیں بحث ہو جائے گی۔

So, this is admitted for discussion, I will fix the time at an early date.

Now, there is item No. 2, there is some unfinished business on the question of provincial autonomy, next in the list is Qazi Abdul Latif Sahib.

صوبائی خود مختاری پر

قاضی عبداللطیف: اس کے لئے مجھے کل یا پرسوں موقع دیں۔

جناب چیئرمین: پھر تو اس کی آئندہ Private day پر باری آئے گی۔ اس دوران تیاری کر لیں۔ غلام حیدر تالپور صاحب ...۔ (موجود نہیں ہیں) شفقت حسین شاہ صاحب ...۔ (موجود نہیں ہیں) جناب محمود احمد منٹو صاحب۔ عالم علی لالیکا صاحب۔

جناب عالم علی لالیکا: جناب والا! اس پر بہت کچھ کہا جا چکا ہے اور اس مقتدر ایوان کے کئے گئے بیشتر فیصلوں کے مطابق عمل نہیں کیا جا رہا ہے تو میں خاموش رہنا زیادہ بہتر سمجھوں گا۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے جی۔ محمود منٹو صاحب آپ آئین کے مطابق خود مختاری چاہتے ہیں؟

ii) ARE : CIRCULATION OF A PROFORMA AMONG THE EMPLOYEES TO SHOW THEIR OWN OR THEIR RELATIONS POLITICAL AFFILIATION

جناب محمود احمد منٹو: جناب آئین کے خلاف کون کچھ چاہتا ہے جو آئین میں لکھا ہے اور جو agreed ہے اور بار بار جس کا تقاضا کیا جاتا ہے یہ آئین ہے اس کو uphold کرنا ہے تو اس کے مطابق تو خود مختاری ہونی چاہیے۔

جناب چیئرمین: نہیں اس میں وہ آجاتا ہے Council of Common Interests
National Finance Commission اسی کے متعلق آپکا کیا خیال ہے؟

جناب محمود احمد منٹو: آج تو میں نے یہ expect بھی نہیں کیا تھا کہ یہ موضوع آئے گا۔

جناب چیئرمین: اسی لئے میں آپ کو بتا رہا ہوں کہ یہ چیزیں آرہی ہیں۔

جناب محمود احمد منٹو: جب آرہی ہیں تو موقع پر مجھے بولنے موقع دیں۔

جناب چیئرمین: جناب وردگ صاحب آپ کچھ کہنا چاہیں گے۔

جناب آصف فصیح الدین وردگ: جناب میں اس پر بول چکا ہوں۔

جناب شاد محمد خان: جناب والا! کافی وقت اس پر گزر چکا ہے، دلچسپی کسی کی ہے نہیں اس کو wind up کرائیں، باقی بزنس suffer کر رہا ہے۔

جناب چیئرمین: چلیں wind up کون کر رہا ہے جی؟ صوبائی خود مختاری کے مسئلے کو جی ڈاکٹر صاحب۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: جناب چیئرمین! بہت اہم بات تھی صوبائی خود مختاری، لیکن ایک بات مجھے افسوس سے کہنی پڑ رہی ہے کہ اس کے ساتھ جو دلچسپی تھی وہ ہماری آج ظاہر ہو گئی۔۔۔

جناب چیئرمین: نہیں آج کچھ لوگ غیر حاضر ہو گئے شاید انہیں پتہ نہیں تھا کہ آج یہ آئے گا۔ آپ یہ بتائیں کہ Council of Common Interests کے بارے میں سب لوگوں کا اصرار ہے اس کو آپ کیوں نہیں بلا رہے؟ آئین کے مطابق

Article 154 and 155, it is a policy making body and it has to be permanently in existence.

اور پھر National Finance Commission اور یہ جو ادارے ہیں Islamic Ideology Council یہ سارے ادارے ہیں جن کا آئین کے تحت ایک role ہے تو آپ بتائیں کہ اس

کے بارے میں آپ کے کیا خیالات ہیں۔

<u>ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی :</u> خیالات میرے بالکل نیک ہیں۔ جناب چیئرمین ! اگر مجھے آپ regular اس کا reply دینے کی اجازت دیں تو بہتر ہوگا۔ کیونکہ یہ تو ایک اس کا pertinent پہلو ہے پھر بھی میں گذارش کروں گا کہ اس کی افادیت کیا ہے یہ کیسا forum ہے۔ ایک یہ دستوری ادارہ ہے۔ جس کے مقررہ حدود میں فرائض ہیں، کون کون سے مسائل اس forum پر لائے جاتے ہیں یا لائے جا سکتے ہیں اور کیسے اس کی ترکیب نحوی ہے۔

<u>جناب چیئرمین:</u> اگر آپ کہتے ہیں تو پھر adjourn کر دیتے ہیں۔

<u>ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی:</u> adjourn کر دیں تاکہ ہمارے معزز اراکین بھی بول سکیں تاکہ صحیح ٹاکرا رہے۔

Mr. Chairman: Does the House agree that we should adjourn then?

(Voices; 'Yes')

Mr. Chairman: O.K. Then this House is adjourned to meet again on the 5th of December, 1989, at 10.00 A.M.

[The House then adjourned to meet again at ten o'clock in the morning on Tuesday, the 5th of December, 1989]